# گدھے یا کتے کی آواز سنائی دے تو یہ دعا پڑھی جائے

دار الافتاء اهلسنت (دعوت اسلامی)

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

**ترجمہ :**

میں شیطان مردود سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں۔

المستدرک کی حدیث مبارک میں ہے : قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: إذا سمعتم نباح الکلاب ونهيق الحمير من الليل فتعوذوا بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ فإنها ترى ما لا ترون ترجمہ : رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا : جب تم رات کے وقت کتوں کا بھونکنا اور گدھوں کا رینکنا سنو تو شیطان مردود سے اللہ کی پناہ مانگو، کیونکہ وہ (جانور) وہ کچھ دیکھتے ہیں جو تم نہیں دیکھ سکتے۔ (المستدرک علی الصحیحین، جلد4، صفحہ316، رقم الحدیث : 7762، مطبوعہ دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

نوٹ : یہاں رات کی قید ہے دوسری روایات میں یہ قید نہیں۔ یہاں رات کی قید یا تو اتفاقی ہے یا اس لیے ہے کہ رات میں یہ آوازیں بہت مکروہ معلوم ہوتی ہیں۔ (مرآۃ المناجیح، جلد6، صفحہ149، مطبوعہ نعیمی کتب خانہ گجرات)

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com    daruliftaahlesunnat    DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat    feedback@daruliftaahlesunnat.net